الحمد للہ الملک للہ

لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۲۳	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۴ شعبان ۱۳۳۴ھ مطابق ۵ جون ۱۹۱۶ء	جلد ۲۸

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	رخصت بخشی صاحب فوج	۱
۲	تصحیح رقم	۲
۳	بابت امتحان طلبار اردو مڈل	۵
۴	نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

رخصت

۲۵ مئی ۱۹۱۶ء

رخصت باون یوم مستدعیہ بخشی فوج بانچارجی نائب بخشی فوج بغرض روانگی بیرونجات منظور فرمائی گئی۔

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

تصحیح

۳۱ مئی سنہ ۱۹۱۶ء

مثل یادداشت نظامت دربارہ تصحیح گزٹ نمبر ۲ مطبوعہ ۱۰ جنوری سنہ ۱۹۱۶ء عرضداشت صاحب ریونیو سکریٹری بہادر منظورشدہ ۸ دسمبر سنہ ۱۹۱۵ء اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم جو بحوالہ دفعہ ۲۲۵ آئین حالیہ یہ مضمون (اور نقشی [illegible] کے لگان سالانہ سے زائد ہو) لکھا ہے اس مضمون میں رقم [illegible] غلط ہے۔ بلکہ [illegible] صحیح ہے ہمراہ گزٹ یہ یادداشت ملاحظہ ہوئی۔ درحقیقت سہو ہوا بجائے [illegible] کے [illegible] چھپ گئے ہیں [illegible] لہذا بغرض صحت گزٹ ۱۰ جنوری سنہ ۱۹۱۶ء جلد ۲۸ مطبع ریاست کو نقل حکم بھیجکر اشاعت [illegible]

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر واقع ۲۸ مئی سنہ ۱۹۱۶ء

امسال چھ طالب علم فائنل امتحان اردو مڈل میں شریک ہوئے تھے۔ منجملہ انکے ایک طالب علم مدرسہ ملک کا تھا جو پاس ہوا ہے۔ اور پانچ طلبا اردو مڈل اسکول کے تھے جنمیں سے صرف ایک پاس ہوا ہے۔ اردو مڈل اسکول کا نتیجہ نہایت ناقص ہے۔ ہیڈ ماسٹر صاحب اردو مڈل اسکول کو تنبیہ کیا جاتا ہے کہ آئندہ کافی محنت کریں اور اسکی تلافی کر کے خوشنودی حاصل کریں۔ ہیڈ ماسٹر صاحب پرانے ملازم ہیں جنکے تجربہ کی وجہ سے مدرسہ کی حالت میں وقتاً فوقتاً ترقی ہونا چاہئے۔ ایسے ناقص نتائج امتحان نہایت افسوسناک امر ہے۔ لہذا

حکم ہے کہ

روبکار ہذا مع نتیجہ بغرض اطلاع عام گزٹ میں شائع کیا جائے اور ایک نقل انسپکٹر صاحب مدارس کے پاس بھیجکر لکھا جائے کہ ہیڈ ماسٹر صاحب اردو مڈل سے دریافت کریں کہ ایسے ناقص نتائج کی کیا وجہ ہے۔

[illegible]

تفصیل طلبا شریک فائنل امتحان اردو مڈل

نام مدرسہ	نام طالب علم	ولدیت	پاس	فیل
ملک	امیر حسین	شرافت حسین	پاس	·
مڈل	شرف الدین	جمال الدین	"	·
"	واحد علی	عبدالرشید خان	·	فیل
"	مشتاق علی	یعقوب علیخان	·	"
"	تاج محمد	غوث محمد خان	·	"
"	رشید احمد	·	·	"

مطبع ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

۱۴ - رپورٹ محمد احسن صاحب ممبر حلقہ مورخہ ۱۳ اپریل سنہ ۱۹۱۶ء بابت درستی گولدان نالہ زیر قبضہ جیلداران بنا بر نکاسی نالی کھر نجہ ہای واقع جنوب بڑے پیر صاحب و عقب سراے و تیاری کھر نجہ جدید کوچہ شیخان واقع نزد خانساماں و تیاری پلیہ جدید بجائے پلیہ خورد زیر دیوار شمالی بقیہ و تعداد والی پرنالہ۔	آج یہ تحریر جنرل میونسپل کمیٹی میں پیش ہوکر یہ امر قرار پایا کہ جناب صاحب پرائیویٹ سکرٹری بہادر موقعہ کا ملاحظہ فرمالیں اوسکے بعد کوئی تجویز کیجائیگی
۱۵ - نوٹ دفتر اجلاس صاحب پرائیویٹ سکرٹری بہادر مورخہ ۱۵ اپریل سنہ ۱۹۱۶ء بدیں مضمون کہ میونسپلٹی سے جو اجازت زمین برآمد و دروازہ و سائبان و برآمدہ چھجے وغیرہ دیجاتی ہین جن پر فیس لیجاتی ہی اور بعد وصول فیس اجازت نامہ وغیرہ دیجاتی ہین اونکا عملدرآمد اسطرح ہے کہ سپرنٹنڈنٹ صفائی قسم درخواست کی خود لیتی اور میونسپلٹی کے سررشتہ مین داخل کرتی ہین وہاں سی سیاہہ سرکار مین جاتی ہی اسصورتمین احتمال رہتا ہی کہ کوئی رقم سہواً داخل ہونیسے رہجائی یا عمداً داخل نکی جائی تو نقصان سرکار ہوگا اس کے واسطے مناسب طریقہ جس سے یہ احتمالات جاتے رہین کیا اختیار کیا جائی یا تو یہ عملدرآمد کیا جائے کہ اجازت نامہ ایسے شخص کو اوسقدر کا غذ اشٹامپ پر دیا جائے جتنی اوس سے فیس نقد لیجاتی ہی اجازت نامہ سررشتہ میونسپلٹی سے مرتب ہو اور صاحب میونسپل افسر کے دستخط کے بعد اجازت خواہ زر خود صاحب پرائیویٹ سکرٹری بہادر کے دستخط کرالیا کرے - یا اجازت خواہ خود خزانہ مین نقد روپیہ اپنے ہاتھ سے سیاہہ کرایا کرے بعد کو اجازت نامہ دیا جاوے یا موجودہ طرز عمل جاری کہا رہی جو مناسب طریقہ ہو کمیٹی سے تجویز کیا جائے۔	جنرل کمیٹی ۱۵ اپریل سنہ رواں مین نوٹ پیش ہوکر تجویز ہوئی کہ اجلاس سے صدور حکم منظوری اجازت پر درخواست دہندہ حسب وصول اجازت نامہ کی استدعا کری تو اسقدر قیمتی اسٹامپ پر کرے جسقدر رقم نذرانہ رائیہ سے قابل وصول ہی یہ قاعدہ جاری ہونیمین رقومات نذرانہ کا کافی تحفظ ہوکر ضائع ہونیکا احتمال جاتا رہیگا۔
۱۶ - تخمینہ بابت تیاری کھر نجہ و نالی محلہ شترخانہ قدیم واقع تھانہ جدید فتح علیخاں تعدادی ماء۵	آج جنرل کمیٹی مین پیش ہوکر یہ رائے قرار پائی کہ بالفعل یہ تجویز دفتر میونسپلٹی مین رکھی جائے دیگر ضروری کام بنے کے بعد پیش ہونے پر بصورت بجٹ تجویز ہوگی۔

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتداء ۲۸ مئی لغایت ۴ جون سنہ ۱۹۱۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰۹ ار		۱۰ ار		۱۰ ار	۰۹ ار	
نخود خالص	۰۱۱ ار		۱۲ ار		۱۳ ار	۰۱۱ ار	
نخود کرہ آمیز	۰۱۲ ار		۰۱۲ ار		۱۳ ار	۰۱۳ ار	
کرہ	۰		۰۲ ار		۰۱۳ ار	۰۱۳ ار	
ماش	۰۶ ار		۰۷ ار		۰۷ ار	۰۶ ار	
مونگ	۰۶ ار		۰۷ ار		۰۷ ار	۰۷ ار	
مکّا	۰۱۵ ار		۱۵ ار		۰۲ ار	۱۲ ار	
جئی	۰۱۳ ار		۱۳ ار		۰۱۳ ار	۱۴ ار	
گوجئی	۰		۱۱ ار		۱۲ ار	۱۳ ار	
عدس	۰۸ ار		۹ ار		۱۰ ار	۱۰ ار	
ارہر	۱۱ ار		۱۲ ار		۱۰ ار	۱۰ ار	
برنج	۷ ار		۰۶ و ۷ ار		۷ ار	۰۷ ار	
روغن زرد	۰/۱ ار		۳ ار		۰ ۲/۱۱ ار	۰ ۲/۱۱ ار	
روغن سیاہ	۲/۱ ار		۰۲ ار		۲ ار	۰۲ ار	
روغن کنجد	۱/۲ ار		۲ ار		۰۱۱ ار	۱/۲ ار	
نمک سانبھر	۱۱ ار		۱۳ ار		۱۲ ار	۱۳ ار	
نمک لاہوری	۰۸ ار		۱۱ ار		۱۰ ار	۱۴ ار	
قند سیاہ	۵ ار		۵ ار		۵ ار	۶ ار	
باجرہ	۱۰ ار		۰۱۱ ار		۱۲ ار	۰	

مطبوعہ پریس ریاست رامپور